میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 22 شعبان، 1439ھ　　08/05/2018　　نمبر: PR18032

مقبوضہ کشمیر کی آزادی خلافت کے قیام کا تقاضا کرتی ہے:

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم وستم پاکستان کی سیاسی وفوجی قیادت کی مجرمانہ خاموشی کا نتیجہ ہے

6 مئی 2018 کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج نے ایک پروفیسر سمیت دس کشمیری مسلمانوں کو شہید کر دیا۔ بھارتی افواج نے سری نگر کے جنوبی ڈسٹرکٹ شوپیاں کے گاؤں باڈیگام میں ایک گھر کا محاصرہ کیا جہاں پانچ مجاہدین موجود تھے۔ یہ پانچوں مجاہدین بھارتی افواج کے ساتھ جھڑپ میں شہید ہو گئے۔ جب ان مجاہدین کی شہادت کے خلاف مقبوضہ کشمیر کے جنوبی حصوں میں مظاہرے شروع ہوئے تو بھارتی افواج نے فائرنگ کر کے مزید پانچ افراد کو شہید کر دیا۔

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم وستم میں اضافہ صرف اور صرف اس وجہ سے ہو رہا ہے کیونکہ پاکستان کی سیاسی وفوجی قیادت نے امریکی حکم پر مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم اور لائن آف کنٹرول پر اس کی مسلسل وحشیانہ جارحیت پر "تحمل" کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

يا أيها الذين ءامنوا قاتِلوا الذين يَلونكم من الكفار وَلْيجِدوا فيكمْ غِلْظَةً واعْلَموا أنَّ اللّهَ مع المتقين

"اے اہلِ ایمان! اپنے نزدیک کے (رہنے والے) کافروں سے جنگ کرو اور چاہیئے کہ وہ تم میں سختی دیکھیں۔ اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے" (التوبۃ: 123)۔

ایک طرف تو بھارت مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کا قتل عام کرے تو دوسری طرف پاکستان کی سیاسی وفوجی قیادت ستمبر 2018 میں روس میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت ہونے والی فوجی مشقوں میں بھارتی افواج کے ساتھ جنگی مشقوں میں شریک ہونا قبول کر لے تو کیا بھارت کی حوصلہ افزائی نہیں ہو گی کہ وہ مسلمانوں کے خلاف جارحیت کو برقرار رکھے؟ کیا پاکستان کی سیاسی و فوجی قیادت کی جانب سے بھارت کو سی پیک میں شمولیت کی بار بار دعوت بھارت کی حوصلہ افزائی نہیں کہ وہ بے خوف ہو کر مسلمانوں کے خلاف اپنی جارحانہ پالیسی برقرار رکھے۔

یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ پاکستان کی موجودہ سیاسی وفوجی قیادت خطے میں امریکی خارجہ پالیسی کے اہداف کے حصول کے لیے بھارت کے ساتھ "تحمل" کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور اپنی اس غداری پر پردہ ڈالنے کے لیے روس وچین کے ساتھ سیاسی، معاشی اور فوجی تعلقات میں پیش قدمی کو استعمال کر رہی ہے۔ یقیناً جس طرح ستر سال کی خدمت گزاری کے بعد بھی امریکہ نے مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں اور پاکستان کا ساتھ نہیں دیا تو روس وچین بھی کسی صورت اس معاملے میں ہمارا ساتھ نہیں دیں گے کیونکہ یہ سب کافر اور اسلام اور مسلمانوں کے دشمن ہیں۔

اے افواج پاکستان میں موجود مسلمانو! اقوام متحدہ، بین الاقوامی برادری، امریکہ، روس اور چین سمیت کوئی طاقت مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور پاکستان کے مفاد کے لیے ہمارا ساتھ نہیں دے گی۔ ہمارے پاس اس کے سوا کوئی حل نہیں کہ نبوت کے طریقے پر خلافت قائم کریں جو مسلم علاقوں، افواج اور وسائل کو جمع کر کے مسلمانوں کو طاقت عطا کرے گی اور پھر خلیفہ راشد کی قیادت میں آپ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے علم جہاد بلند کریں گے اور دنیا و آخرت کی کامیابی آپ کا مقدر بنے گی۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ:

فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ

"جو تمہارے خلاف جارحیت کا ارتکاب کرے تو تم بھی اس پر حملہ کرو جیسا کہ انہوں نے تم پر حملہ کیا" (البقرۃ: 194)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com　http://HizbPK.page.tl
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info